05-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم آج ختم ہو رہی ہے۔

2 وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی آج اترپردیش میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی شمالی تلنگانہ میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔

3 جموں و کشمیر میں بھارتی فضائیہ کے قافلے پر دہشت گردانہ حملے میں فضائیہ کا ایک جوان شہید اور پانچ دیگر زخمی ہوگئے۔

4 انڈر گریجیوٹ میڈیکل پروگرامس میں داخلے کیلئے قومی اہلیتی امتحان NEET آج ملک بھر میں منعقد کیا جا رہا ہے۔

5 محکمہئ موسمیات نے آج اور کل شمال مشرقی بھارت میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور: قزاخستان میں چار بھارتی مکے باز آکاش، گورکھا، وشوناتھ سریش، نکھل اور پریت ملک ASBC ایشین U22 اور یوتھ باکسنگ چیمپن شپ کے مردوں کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

OVERALL-CAMPAIGNIG

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم، آج ختم ہوجائے گی۔ سیاسی پارٹیوں کے رہنما اس مرحلے میں اپنے پارٹی امیداروں کے حق میں ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ اس مرحلے میں، 93 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے جن میں دس ریاستوں اور دادر اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے مرکز زیرانتظام علاقے شامل ہیں۔ اترپردیش میں آج دلچسپ سیاسی مقابلہ دیکھنے کوملے گا جہاں انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے بہت سے امیدوار روڈ شو کریں گے اور گھرگھر جاکر انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ الیکشن کے دیگر مرحلے کے لیے بھی انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔

وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی سیاسی انتخابی مہم کے لیے آج ریاست میں رہیں گے۔ جناب مودی اٹاوا اور Dhaurahra حلقوں میں سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گے اور آج شام ایودھیا ضلعے میں ایک روڈ شو میں بھی شرکت کریں گے۔ دو کلومیٹر طویل روڈ شو Sugreev قلعہ علاقے سے شام میں شروع ہوگا اور لتا چوک پر جاکر ختم ہوجائے گا۔ BJP کے سینئر لیڈر اور اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی بھی آج بدایوں ضلع میں ایک روڈ شو کریں گے۔

اترپردیش کے کانگریس انچارج اویناش پانڈے، کوشامبی میں پارٹی امیدواروں کے حق میں ایک ریلی کریں گے۔ ریاست کے دس حلقوں میں منگل کو ووٹ ڈالے جائیں گے یہ علاقے ہیں: سنبھل، ہاتھرس، آگرا، فتح پور سیکری، فیروزآباد، مین پوری، Etah، بدایوں، Aonla اوربریلی۔ وزیراعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی اپنی پارٹی کے لیے اوڈیشہ میں ایک انتخابی مہم کے سلسلے میں آج شام بھونیشور پہنچ رہے ہیں۔ اوڈیشہ میں اس ماہ کی 13 تاریخ سے چوتھے مرحلے میں لوک سبھا اور اسمبلی کے انتخابات ایک ساتھ کرائے جائیں گے۔ مدھیہ پردیش میں ریاست کے 9 لوک سبھا حلقوں کے لیے آج شام چھ بجے انتخابی مہم ختم ہوجائے گی۔ لوک سبھا کی ان سبھی سیٹوں پر سات مئی صبح سات بجے سے شام چھ بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: V/C Sanjeev Sharma

تیسرے مرحلے میں مدھیہ پردیش کے 9 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے، جن میں مورینا، بھنڈ، گوالیار، گُنا، ساگر، ویدیشا، بھوپال، راج گڑھ اور بیتول شامل ہیں۔ چیف انتخابی افسر انوپم راجن نے بتایا کہ پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے پہلے انتخابی مہم کو ختم کرنا ضروری ہے۔ تیسرے مرحلے میں ایک کروڑ 77 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ ان میں سے ایک کروڑ 68 لاکھ ووٹروں کو ووٹ انفارمیشن سِلپ تقسیم کی جاچکی ہیں۔

بھوپال سے سنجیوشرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

چھتیس گڑھ کے 7 پارلیمانی حلقوں میں انتخابی مہم آج شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔ جہاں الیکشن کے تیسرے مرحلے میں 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مختلف سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے اپنی طرف سے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں۔

ایک رپورٹ۔ V/C Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ میں سات پارلیمانی حلقوں میں 7 مئی کو لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مختلف سیاسی پارٹیاں اور امیدوار ووٹروں کو راغب کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہیں۔ تاہم انتخابی کمیشن ووٹنگ فیصد کو بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ چھتیس گڑھ کے متعدد ضلعوں سے بہت سے مزدور گرمیوں میں کام کی تلاش میں دوسری ریاستوں میں منتقل ہوجاتے ہیں۔ مختلف اضلاع میں 'گھر آجا سانگی' نامی ایک مہم چلائی جارہی ہے، جس کا مقصد ایسے لوگوں کو واپس لوٹنے اور 7 مئی کو وٹ دینے کیلئے بیدار کرنا ہے۔ ضلع انتظامیہ افسران اور ملازمین نے ان افراد سے فون اور ویڈیو کال کے ذریعہ رابطہ کیا اور ووٹ دینے کیلئے اپنے گاؤں یا شہر لوٹنے کی التجا کی۔ اس مہم کا یہ اثر ہوا ہے کہ Janjgir' Champa اور Mungeli ضلعوں سمیت بہت سے اضلاع میں تقریباً 20 ہزار مزدور اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کیلئے واپس لوٹ آئے ہیں۔ ضلع انتظامیہ کے افسران اور ملازمین نے ان مزدوروں کا خیر مقدم کیا اور جمہوریت اس انتخابی عمل میں حصہ لینے کیلئے ان کے عزم کے تئیں اظہار تشکر کیا۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

وزیراعظم جو آج رات راج بھون میں رکیں گے، پیر کو Behrampur اور Nabarangpur پارلیمانی حلقوں میں دو سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی کے بھونیشور دورے کو دیکھتے ہوئے ہوائی اڈے اور راج بھون کے ارد گرد حفاظتی انتظامات سخت کردیے گئے ہیں۔

BJPذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم ایک شاندار روڈ شو کی قیادت کرنے کے لیے اس ماہ کی دس تاریخ کو دوبارہ بھونیشور کا دورہ کریں گے اور وہ اگلے دن Balangir میں ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ اوڈیشہ میں اس مہینے کی 13 تاریخ سے چار مرحلوں میں لوک سبھا اور اسمبلی کے ایک ساتھ الیکشن ہوں گے۔x

TELANGANA CAMPAIGN

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں انتخابی مہم کے لیے تقریباً ایک ہفتہ باقی بچا ہے لہذا انتخابی مہم نے اب زور پکڑ لیا ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریاست میں ڈیرہ ڈالے ہوئے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ آج ریاست میں تین عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ، عادل آباد ضلعے میں Kagaznagar میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے جناب شاہ حیدرآباد لوٹیں گے جہاں وہ سکندرآباد پریڈ گراؤڈ میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

کانگریس سینئر لیڈر راہل گاندھی شمالی تلنگانہ میں پارٹی امیدواروں کی حمایت میں Nirmalمیں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ اسی دوران وزیراعلی اور PCC کے صدر ریواناتھ ریڈی نے کہا ہے کہ اگر اس ماہ کی 9 تاریخ تک Rythu Bharosa اسکیم کے تحت کوئی واجبات رہ جاتے ہیں تو وہ عوام سے معذرات کریں گے۔x

ANDHRA PRADESH BJP

BJPکے سینئر لیڈر اور مرکزی وزراء امت شاہ اور راجناتھ سنگھ آندھراپردیش میں اُنتخابی مہم میں شرکت کریں گے جناب شاہ سری ستیہ سائی ضلعے کے Dharmavaram حلقے میں NDA کے حق میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے، جہاں BJP این۔ڈی۔اے کے اتحاد کے ایک حصے کے طور پر اپنے امیدواروں کو چناؤ لڑا رہی ہے۔

جناب راجناتھ سنگھ YSR ضلعے اور Kurnool ضلعے میں Adonee میں Jammalamaduguمیں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ BJP آندھرا پردیش میں 13 مئی کو ہونے والے واحد مرحلے والے چناؤ میں اسمبلی کی دس اور لوک سبھا کے چھ حلقوں میں چناؤ لڑ رہی ہے۔

KARNATKA CONSTITENCY PROFILE

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم لوک سبھا حلقوں کے جائزے کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے آج ہم کرناٹک کے گلبرگہ لوک سبھا حلقے کے بارے میں رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ گلبرگہ، جسے اب کلبُرگی کہا جاتا ہے، بھیماندی اور اپنی تُور دال کی پیداوار کیلئے جانا جاتا ہے۔ کلبرگی اپنے ہتھ کرگھا کپڑوں اور مشہور اِلکال ساڑیوں کیلئے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ لوک سبھا حلقہ اب بھی اپنے پرانے نام گلبرگہ کے نام سے ہی مشہور ہے۔ یہ حلقہ درج فہرست ذات کی سیٹ کے طور پر مختص ہے۔ گلبرگہ میں 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sudhindra

شمالی کرناٹک کی گلبرگہ لوک سبھا سیٹ کا قیام 1951 کے عام انتخابات سے قبل عمل میں آیا۔ یہ کانگریس کے قومی صدر ملکا ارجن کھڑگے کا گھریلو میدان ہے۔ جناب کھڑگے، گلبرگہ سے 2009 اور 2014 میں جیتے، تاہم 2019 میں وہ موجودہ BJP رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر امیش جادھو سے ہار گئے۔ جناب کھڑگے نے 1972 سے 2008 تک گُرمت کال اسمبلی حلقے کی نمائندگی بھی کی۔ ان انتخابات میں کھڑگے کے داماد رادھا کرشنا ڈوڈّامنی کانگریس امیدوار کے طور پر BJP کے ڈاکٹر جادھو سے مقابلہ کررہے ہیں۔ ڈاکٹر جادھو نے 2019 میں ملکا ارجن کھڑگے کو 95 ہزار سے زیادہ ووٹوں سے شکست دی تھی۔ 22 اپریل

کو نام واپس لینے کی آخری تاریخ کے بعد 6 آزاد امیدوار سمیت کُل 14 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ گلبرگہ لوک سبھا حلقے میں کُل 8 اسمبلی حلقے ہیں۔ سال 2023 کے اسمبلی انتخابات میں کانگریس نے 6 اسمبلی سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی، جبکہ BJPاور JDS امیدوار ایک ایک سیٹ پر کامیاب ہوئے تھے۔ گلبرگہ لوک سبھا حلقے میں 19 اپریل تک 22 لاکھ 68 ہزار 944 ووٹروں نے رجسٹریشن کروایا ہے۔ گلبرگہ میں 7 مئی کو ہونے والی رائے دہی کیلئے مجموعی طور پر 2166 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

گلبرگہ سے سُدھیندرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

J&K TERRORISTS ATTACK

جموں و کشمیر کے پونچھ ضلعے میں بھارتی فضائیہ کے ایک قافلے پر دہشت گردوں کے ایک گروپ کے حملے کے بعد بھارتی فضائیہ کا ایک جوان شہید ہوگیا جبکہ پانچ فوجی زخمی ہوگئے۔ جن میں ایک کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ جموں میں آکاشوانی کے نامہ نگار نے بتایا کہ یہ حملہ کل شام Shah Sattar جنگلاتی علاقے میں ہوا، جو پونچھ ضلعے کے میندھر سب ڈویژن میں Surankote سب ڈویژن اور Gursai علاقے میں Sanai ٹاپ کے درمیان واقع ہے۔ اس خطے میں اس سال مسلح فورسز پر یہ پہلا بڑا حملہ ہے۔ اس خطے میں پچھلے سال فوج پر کئی سلسلے وار دہشت گردانہ حملے ہو چکے ہیں، جس گاڑی کو دہشت گردوں نے نشانہ بنایا اس کی Wind اسکرین پر گولیوں کے نشانات پائے گئے۔

فضائیہ کے زخمی جوانوں کو ہوائی جہاز کے ذریعے آدھے گھنٹے کے اندر پونچھ کے اودھم پور کمانڈ ہاسپٹل پہنچا دیا گیا جبکہ قافلے کی دیگر گاڑیاں محفوظ رہیں اور وہ باحفاظت اپنی منزل تک پہنچ گئیں، جبکہ ایک فوجی جوان زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔ اس حملے کی سازش میں شامل دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے مقامی راشٹریہ رائفلز یونٹ نے گھیرا بندی کرکے تلاشی کی کارروائی شروع کردی ہے۔ دہشت گردوں کی نقل و حمل کی اطلاعات کے بعد گذشتہ چند روز سے میندھر اور پاس کے Suran Kote کے درمیان

علاقے میں ناکہ بندی اور تلاشی کی کاروایاں جاری ہیں۔ پونچھ، اننت ناگ۔ راجوری پارلیمانی حلقے کا حصہ ہے جہاں 25 مئی کو چھٹے مرحلے میں پولنگ ہوگی۔×

NTA-NEET

اَنڈر گریجویٹ میڈیکل کورسیز میں داخلوں کا قومی داخلہ جاتی اہلیتی امتحان، NEETآج ملک بھر میں منعقد کیا جارہا ہے۔ ملک بھر کے 557 شہروں اور بیرون ملک کے 14 شہروں سے قریب 24 لاکھ سے زیادہ امیدوار اس امتحان میں شرکت کریں گے۔ NEET امتحان بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجکر 20 منٹ تک ہوگا۔ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے سبھی امیدواروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ڈاؤن لوڈ کئے گئے اپنے امتحانی ہال ٹکٹ ساتھ لائیں، جس پر اُن کی تصویر، دستخط اور رول نمبر بارکوڈ نمایاں ہوں۔

امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ اگر کسی امیدوار کے امتحانی ہال ٹکٹ پر یہ ضروری معلومات نہیں ہیں، تو وہ آفیشیل ویب سائٹ سے دوبارہ ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ تفصیلات امیدوار کی پہچان کیلئے ضروری ہیں۔ ساتھ ہی امیدواروں کو یہ مشورہ بھی دیا گیا ہے کہ وہ اپنے مقررہ امتحانی مراکز پر وقت پر پہنچیں، تاکہ امتحان سے قبل کی جانے والی کارروائی میں آسانی ہو۔×

IMD WEATHER

محکمہئ موسمیات نے آج اور کل شمال مشرقی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ طوفانی اور تیز ہواؤں کے ساتھ شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے پانچ دن کے دوران اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے دور دراز کے علاقے میں گرج چمک کے ساتھ شدید طوفان اور تیز ہواؤں اور بجلی گرنے کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش ہو سکتی ہے۔

محکمہئ موسمیات نے اگلے پانچ دن کے دوران شمالی مغربی اور وسطی بھارت کے کئی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کی بھی پیشگوئی ہے۔

البتہ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے کے باقی حصوں میں کوئی خاطر خواہ تبدیلی نہیں رہے گی۔ اسی دوران دلی کے بارے میں محکمہ موسیات نے آج آسمان صاف رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ توقع ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت تقریباً 41 اور 22 ڈگری رہنے کا امکان ہے۔

KERALA COASTAL ALERAT

کیرالہ میں سمندری معلومات سے متعلق مرکز INCOIS کی جانب سے دیا گیا آرینج اِلرٹ بدستور جاری ہے۔ یہ اِلرٹ کیرالہ اور تمل ناڈو کے ساحل پر اونچی لہروں کے اُٹھنے سے متعلق ہے۔ یہ وارننگ آج صبح ساڑھے گیارہ بجے تک کیلئے ہے۔ اسے مقامی زبان میں Kallakadalکہا جاتا ہے۔ کیرالہ کے کئی ساحلی علاقے جیسے تروانتت پورم اور Thrissur سے سمندری سطح کے اُکھڑ جانے کی خبر ہے۔ لوگوں کو ان علاقوں سے منتقل کیا جا رہا ہے۔ ساحلی علاقوں میں ہائی اِلرٹ ہے اور لوگوں کو سمندری علاقوں میں سفر کرنے سے متعلق خبردار کیا جا رہا ہے۔ ماہی گیروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ حالات بہتر ہونے تک سمندر میں نہ جائیں۔×

INDIA-AUSTRALIA

بھارت اور آسٹریلیا جامع اقتصادی تعاون معاہدےCECA ، مذاکرات کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اختراعی شعبوں میں قریبی تال میل سے کام کررہے ہیں۔ کامرس اور صنعتوں کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ آسٹریلیا، بحرالکاہل جزائر خطے میں بھارت کا اہم تجارتی ساجھیدار ہے۔

سال 2023-24 میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان تجارت کا حجم قریب 24 آرب ڈالرس تک پہنچ گیا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ کامرس کے سکریٹری سنیل بارتھ وال کی قیادت والے وفد نے آسٹریلیائی وفد کے ساتھ تجارت کے مختلف پہلوؤں اور سرمایہ کاری کے امکانات پر تعمیری اور ثمر آور بات چیت کی ہے۔×

YOUTH BOXING CHAMPIANSHIP

کل رات قزاخستان کے آستانہ میں ASBC ایشین U22 اور یوتھ باکسنگ چیمپن شپ 2024 میں بھارت کے چار مکے باز آکاشGorkha ، وشوناتھ سریش، نکِھل اور پریت ملِک U22میں مردوں کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اِس شاندار کامیابی کی بدولت مختلف زمروں میں بھارت کے تمغوں کی تعداد میں 43 تک کا اضافہ ہو گیا ہے اور یہ ایک تاریخی کارنامہ ہے۔ سینئر نیشنل چیمپئین آکاش نے سیمی فائنل میں ازبیکستان کے Ilyasov Sayatپر پانچ۔صفر سے جیت حاصل کی۔ انھوں نے یہ جیت 60 کلو گرام زمرے میں حاصل کی۔

موجودہ یوتھ ورلڈ چیمپین وشوناتھ نے 48 کلوگرام زمرے میں Philippines کے Baricuatro Bryanکے خلاف پانچ۔دو سے جیت حاصل کی۔ حالانکہ کشتی کے بعد میچ کا جائزہ لیا گیا تھا۔ نکھل نے 27 کلوگرام زمرے میں اور Preet نے 67کلوگرام زمرے میں جیت حاصل کی۔ انھوں نے اپنے مقابلے پانچ۔دو کے اسکور سے جیتے۔x

IPL-CRICKET

IPLکرکٹ میں، کل رات ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں میزبان رایل چیلنجرس بنگلورو نے گجرات Titansکو چار وکٹ سے ہرا دیا۔ رایل چیلنجرس بینگلورو کے سامنے گجرات Titans نے جیت کے لیے 148 رن کا نشانہ رکھا تھا جسے اس نے6 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ وراٹ کوہلی نے 42 رن بنائے اور FAF du Plessis نے شاندار 64 رن بنائے۔

اس سے قبل، گجرات سے پہلے بلے بازی کرنے کو کہا گیا تھا جس پر اس نے19 اوورس اور 3 گیندوں میں 147رن بنائے۔ دنیش کارتک نے بینگلورو کو 13 اوورس اور 4  گیندوں میں جیت دلانے میں نمایاں رول ادا کیا۔

آج بینگلورو کے ایم چنا سوامی پنجاب کنگس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے کھیلا جائے گا۔ شام میں ایک اور میچ میں لکھنو سپر جائنٹس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے لکھنو میں اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیرالدین رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے انتخابی سرگرمیوں سے متعلق خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار نے دلّی کانگریس کے سابق صدر اروند سنگھ لولی کے BJP میں شامل ہونے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے بین الاقوامی خبروں کے صفحہ پر غزہ میں جنگ بندی پر قاہرہ میں جاری مذاکرات میں معاہدہ طے پانے کے امکانات کا اظہار کیا ہے۔ اخبار کے مطابق امریکہ اور مصر کی سربراہی میں بات چیت جاری ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے پیاز کی برآمد سے پابندی ہٹائے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ پیاز کی قیمتوں میں کمی کو روکنے کیلئے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ روزنامہ ملاپ نے ملک میں گرمی کی شدید ہوتی صورتحال سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے بہار سے بنگال تک گرمی کی لہر کا اِلرٹ جاری کیا ہے۔ وہیں دلّی اور اترپردیش سمیت کئی ریاستوں میں بارش کا امکان ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے کھیلوں کے صفحہ پر گیندباز جسپریت بُمرا کی جانب سے وکٹوں کی نصف سنچری مکمل کرنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ بمرا نے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے IPL مقابلے میں یہ کارنامہ انجام دیا اور ایسا کرنے والے وہ دوسرے گیندباز بن گئے ہیں۔×

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم آج ختم ہو رہی ہے۔

2 وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی آج اترپردیش میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی شمالی تلنگانہ میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔

3 جموں و کشمیر میں بھارتی فضائیہ کے قافلے پر دہشت گردانہ حملے میں فضائیہ کا ایک جوان شہید اور پانچ دیگر زخمی ہوگئے۔

4 انڈر گریجیوٹ میڈیکل پروگرامس میں داخلے کیلئے قومی اہلیتی امتحان NEET آج ملک بھر میں منعقد کیا جا رہا ہے۔

5 محکمہٗ موسمیات نے آج اور کل شمال مشرقی بھارت میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور: قزاخستان میں چار بھارتی مکے باز آکاش، گورکھا، وشوناتھ سریش، نکھل اور پریت ملک ASBC ایشین U22 اور یوتھ باکسنگ چیمپن شپ کے مردوں کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------------------------------------------